Elementary & Secondary Education
SWAT EDUCATION DEPARTMENT (MALE)
Saidu Sharif Swat Khyber Pakhtunkhwa. Phone No. 09469240209, 09469240228
email: swateducation@gmail.com, web: www.sed.edu.pk

نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ کرام کے رہنمائی کے لئے چند اصول وضوابط

نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ کرام کو پیشگی **مبارک باد** دیتے ہیں اور ساتھ ہی اُن کے رہنمائی کے لئے درجہ ذیل میں چند اہم نکات بیان کر رہے ہیں تا کہ انھیں چارج لینے تک کے عمل میں اسانی رہے۔

۱۔ محکمہ تعلیم سوات کے جانب سے ہر کامیاب امیدوار کے نام تعیناتی کا حکم نامہ [اپوائنٹمنٹ آرڈر] جاری کیا جاتا ہے جس میں تعینات ہونے والے مدرس کا نام اور جس سکول میں مدرس تعینات کیا جاتا ہے اُسے سکول کا نام درج ہوتا ہے۔اس آرڈر کو اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ مسقبل میں بہت سے مواقع پر اس کی ضرورت پڑتی ہے۔

۲۔ تعیناتی کا حکم نامہ [اپوائنٹمنٹ آرڈر] کی وصولی کے بعد منتخب اساتذہ کو اپنے اپنے تعلیمی اسناد و دیگر ضروری کاغذات جس میں شناختی کارڈ، ڈومیسائل، میڈیکل سرٹیفیکٹ اور آرڈر کاپی شامل ہیں، کے فوٹو کاپیوں پر مشتمل دو فائل مرتب کرنے ہیں۔

۳۔ میڈیکل سرٹیفیکٹ کے حصول کے لیے فارم [جو کہ محکمہ تعلیم کے ویب سائٹ سے ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے] کے دو کاپیاں ڈی ای او آفس میں مہر و دستخط کے بعد سیدو ہسپتال میں سرکاری لیبارٹری میں ضروری ٹیسٹ کرنے کے بعد میڈیکل سپرنٹنڈنٹ [ایم ایس] سے مہر و دستخط کروائیں۔ کامیاب میڈیکل ٹیسٹ کے بعد ایک کاپی ہسپتال ریکارڈ میں رہ جائی گی۔ اور دوسری کاپی آپ کے حوالہ کی جائی گی۔

۴۔ میڈیکل کے بعد اپنے سکول میں حاضر ہو کر اپنا چارج سنبھال لیں۔ چارج رپورٹ متعلقہ ہیڈ ماسٹر سے دستخط کروا کر اپنے دستاویزات کا ایک فائل سکول میں متعلقہ ہیڈ ماسٹر کے پاس جمع کرائیں۔ چارج رپورٹ محکمہ تعلیم کے ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

۵۔ محکمہ تعلیم تمام نئے اساتذہ کے دستاویزات کے تصدیق کے لیے متعلقہ بورڈ یا یونی ورسٹی بھجوائی گی۔ تصدیق کے بعد خزانے کو این او سی جاری کیا جائی گا۔ لہذا اپنے ہر سند کے لیے الگ الگ رسیدوں پر بینک میں فیس جمع کر کے ہر ڈی ایم سی یا ڈگری کے ساتھ الگ الگ لف کریں۔

۶۔ تمام نئے اساتذہ بازار سے سروس بک خرید کر بائنڈ کرلیں۔ اور اپنے لیے بنک میں اکاونٹ کھلوائیں۔ دوسرا فائل محکمہ تعلیم کے آفس میں جمع کرائیں۔ جس میں تعلیمی اسناد، میڈیکل رپورٹ، چارج رپورٹ، بنک اکاونٹ، شناختی کارڈ، ڈومیسائل، آرڈر کاپی اور اسناد کے تصدیق کے جمع کیے گیے فیسوں کی رسیدیں اور سروس بک شامل ہیں۔ اب آپ حکومت پاکستان کے ملازم ہو۔ اپنے ڈیوٹی انتہائی ایمان داری سے انجام دیں۔ اللہ تعالی ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

اگر مزید معلومات درکار ہو تو محکمہ تعلیم سوات کے معلوماتی سیل سے ای میل swateducation@gmail.com یا موبائل نمبر 0300 90 3 4 5 6 7 پر براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔

ڈی ای او سوات محمد امین